**MOST IMPORTANT**

**THROUGH POST,FAX,EMAIL**

No.SO(Acad-I)8-31/2012

**GOVERNMENT OF THE PUNJAB**
**SCHOOL EDUCATION DEPARTMENT**

Dated Lahore the 31st July, 2012

To

1. The Director Public Instructions (SE/EE), Punjab.
2. The Chief Executive Officer, Punjab Examination Commission, Lahore.
3. All Executive District Officers (Education) in Punjab
4. All District Education Officers (SE/EE-Male/Female) in Punjab.
5. All Deputy District Education Officers (EE-Male/Female) in Punjab.
6. All Assistant Education Officers (Male/Female) in Punjab.
7. All Heads of Govt. and Private Schools in Punjab
8. All the Heads of Cadet Colleges, Daanish Schools and DPSs in Punjab.

SUBJECT: **TEACHING OF HOLY QURAN IN GOVERNMENT AND PRIVATE SCHOOLS**

Compulsory teaching of Holy Quran to Muslim students is an integral part of Education Policy. It has been noted with concern that the policy is not being implemented effectively in its true spirit. The teaching of Holy Quran depends on the way how it is assessed in the Annual and Term Examinations. The issue of compulsory teaching of Holy Quran has been raised in Provincial Assembly time and again and the Provincial Government also constituted a Special Committees on the subject.

2. For this purpose various Paaras of Holy Quran have been specified for each class from **Grade-III to VIII**. Various Surahs have also been specified for Hifz-e-Quran and translation in the curriculum. The detail is attached as **Annex-A**. Detailed instructions for Islamiat Teachers have also been printed on the first page of the books of Compulsory Islamiat. The Government has also allocated 40% marks of Islamiat for the teaching of Holy Quran. The following directions are hereby issued on the subject:-

**ALLOCATION OF TIME**

i) At least 40% periods of Islamiat will be allocated for Nazira teaching of specified Paaras, selected Surahs for Hifz-e-Quran and translation of specified portion of the Holy Quran.

ii) The Head Teachers may consider Zero periods in addition for selected Sections during Assembly.

iii) On Friday there should be special focus on teaching of Holy Quran.

iv) It should be part of homework and special homework during summer vacation.

MR

**ASSESSMENT**

i) It will be mandatory that 40% marks in Islamiat are allocated for Nazira, Hifz-e-Quran, translation and Tajveed in monthly Class Test conducted by DTEs, Term Tests, Annual Examination and PEC Examinations.

ii) The Punjab Examination Commission shall not leave it to the discretion to the Examiners. It will ensure printed sets of papers for 40% marks of Nazira, Aadab-e-Quran, Tajveed and translation of specified portion of Holy Quran for each center. The paper will be conducted with due reverence.

**RESPONSIBILITY FOR TEACHING OF HOLY QURAN**

i) The Head Teacher shall be responsible for ensuring the teaching of Holy Quran according to the curriculum division to all Muslim students of his institution.

ii) The concerned Islamiat Teacher shall be responsible to ensure that 100% students of his class cover the given syllabus of Holy Quran.

iii) The Head Teacher is fully empowered to assign additional responsibility for teaching of Holy Quran to Arabic Teachers or any other teacher or arrange a private person on voluntary basis.

iv) Head Teacher can use FTF funds for purchase of Sipara Sets. However, it is preferable that they arrange them through donation of Paaras for this purpose or ask the students to bring their own Paaras.

/

**SECRETARY SCHOOL EDUCATION**

**NO. & DATE EVEN:**

A copy is forwarded for information and necessary action to the:-

1. The Senior Advisor to Chief Minister Punjab.
2. The Chairman/Members, Punjab Quran Board.
3. The Managing Director, Daanish Schools and COE Authority, Punjab.
4. The Programme Director, Directorate of Staff Development (DSD), Lahore.
5. The Chairman Punjab Textbook Board, Lahore.
6. The Managing Director, Punjab Education Foundation, Lahore.
7. All the District Coordination Officers, in Punjab.
8. All Additional Secretaries, School Education Department.
9. All Heads of Teachers' Association in Punjab.
10. The Heads of Private School's Associations, Punjab.
11. All the Heads of Wafaq-ul-Madaris in Pakistan.

**SECTION OFFICER (ACAD-I)**

LETTERS 62

## اسلامیات (کلاس 3)

**قرآن مجید**

(الف) **ناظرہ قرآن:** القرآن الکریم (قرآنی قاعدہ ، پارہ نمبر 1)

## اسلامیات (کلاس 4)

**قرآن مجید**

(الف) **ناظرہ قرآن:** (پارہ نمبر 2 تا 4)

(ب) **حفظِ قرآن:** (سورۃ الکٰفرون، سورۃ النصر، سورۃ اللھب)

## اسلامیات (کلاس 5)

**قرآن مجید**

(الف) **ناظرہ قرآن:** (پارہ نمبر 5 تا 7)

(ب) **حفظِ قرآن:** (آیت الکرسی، سورۃ الفلق، سورۃ الناس)

(ج) **حفظ و ترجمہ:** التحیات (درودِ ابراھیمی، نماز میں درود کے بعد کی دُعا، دُعائے قنوت)

## اسلامیات (کلاس 6)

**القرآن الکریم**

الف: ناظرہ قرآن: (پارہ نمبر 7 سے پارہ نمبر 12)

ب: حفظِ قرآن: 1) سورۃ الانشراح 2) سورۃ التین 3) سورۃ القدر

## اسلامیات (کلاس 7)

**قرآن مجید**

(الف) ناظرہ پارہ نمبر 16 تا 22 (سات پارے)

(ب) حفظِ قرآن: سورۃ الیل، سورۃ الضحٰی، سورۃ الانشراح، سورۃ التین

(ج) مواد برائے حفظ و ترجمہ

## اسلامیات (کلاس 8)

**قرآن مجید**

(الف) ناظرہ: پارہ نمبر 23 تا پارہ نمبر 30 (8 پارے)

(ب) حفظِ قرآن: سورۃ الفجر، سورۃ البلد، سورۃ الشّمس اضافی: سورۃ یٰسین، سورۃ الملک، سورۃ مزمل

(ج) مواد برائے حفظ و ترجمہ (آیت الکرسی)

حکومتِ پنجاب سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ، لاہور

مراسلہ نمبر ایس۔او(اکیڈیمک۔I) 8۔۲۰۱۲/۳۱ مورخہ ۱۰ اگست ۲۰۱۲

1۔ ڈائریکٹر پبلک انسٹرکشنز (سیکنڈری/ایلیمنٹری) ایجوکیشن پنجاب لاہور

2۔ جملہ ایگزیکٹو ڈسٹرکٹ آفیسرز (ایجوکیشن)، پنجاب

3۔ جملہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز (ایلیمنٹری/سیکنڈری)، پنجاب

4۔ جملہ ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز، پنجاب

5۔ جملہ اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسرز، پنجاب

6۔ جملہ سربراہان، گورنمنٹ و پرائیویٹ سکولز، ڈی پی ایس، کیڈٹ کالجز و دانش سکولز، پنجاب

عنوان: **تدریسِ قرآن پاک**

مسلمان طلباء کے لئے تدریسِ قرآن (ناظرہ) تعلیمی پالیسی کا لازمی اور اہم جزو ہے۔ تدریس قرآن پاک کا انحصار اس بات پر ہے کہ مرحلہ وار اور سالانہ امتحانات میں تدریس قرآن کا امتحان کس انداز میں لیا جاتا ہے۔ لازمی تدریسِ قرآن مجید کا معاملہ صوبائی اسمبلی میں بھی بار بار اٹھایا گیا ہے۔ حکومت پنجاب نے مؤثر تدریس قرآن کے لئے خصوصی کمیٹی بھی تشکیل دی ہے۔

جماعت سوئم تا جماعت ہشتم کے اسلامیات کے نصاب میں قرآن مجید کے مختلف پاروں کو ناظرہ قرآن کی تدریس کے لئے مختص کر دیا گیا ہے اور چند سورتیں حفظ اور ترجمہ کیلئے مختص کی گئی ہیں۔ تفصیلی ہدایات اسلامیات لازمی کی کتب کے پہلے صفحہ پر چھاپ دی گئی ہیں۔ حکومت پنجاب نے اسلامیات کے نمبروں میں سے 40 فیصد نمبر تدریس قرآن کے جائزہ کیلئے مختص کیے ہیں۔ اس ضمن میں تمام سربراہان ادارہ کو مندرجہ ذیل ہدایات جاری کی جا رہی ہیں۔

## اوقات کار کی تخصیص

(الف) اسلامیات کے پیریڈز میں سے 40 فیصد پیریڈ ناظرہ تدریسِ قرآن مجید کیلئے مختص کرنا جس میں مخصوص پارے اور منتخب شدہ سورۃ برائے حفظ اور ترجمہ شامل ہوں گے۔

(ب) ہیڈ ٹیچر اضافی طور پر زیرو پیریڈ کو تدریس قرآن کیلئے زیرِ غور لا سکتے ہیں۔

(ج) جمعہ کے دن خصوصی طور پر تدریس قرآن پاک پر توجہ دی جائے۔

(د) تدریس ناظرہ قرآن کو ہوم ورک اور خصوصاً گرمیوں کی تعطیلات کے ہوم ورک کا حصہ بنایا جائے۔

## جائزہ /امتحان

(الف) DTEs کے ذریعے لئے جانے والے ماہانہ کلاس ٹیسٹ، ٹرم ٹیسٹ، سالانہ اور PEC کے امتحان کیلئے، اسلامیات میں 40% نمبر ناظرہ، حفظ قرآن، ترجمہ اور تجوید کیلئے لازمی طور پر مختص کرنا ہوں گے۔

(ب) پنجاب ایگزامینشن کمیشن (PEC) اسے ایگزامینرز کی صوابدید پر نہیں چھوڑے گا۔ PEC 40 فیصد نمبرز پر مشتمل ناظرہ، آداب قرآن، قرآن کے منتخب شدہ حصے کا ترجمہ اور تجوید کیلئے پیپرز کے مختلف سیٹوں کی طباعت کا انتظام کرے گا جو ہر ایک سنٹر کے لئے مہیا کئے جائیں گے۔ ناظرہ قرآن امتحان انتہائی سنجیدگی کے ساتھ منعقد ہوں گے۔

## قرآن پاک کی تعلیم کی ذمہ داری

(الف) ہیڈ ٹیچر اپنے ادارے میں مسلمان طلباء کے لئے نصاب کے مطابق قرآن پاک کی ناظرہ تعلیم کو یقینی بنانے کا ذمہ دار ہوگا۔

(ب) متعلقہ اسلامیات کا ٹیچر اپنی کلاس کے 100 فیصد طلباء کو قرآن مجید کے دیئے گئے نصاب کو مکمل کروانے کا ذمہ دار ہوگا۔

(ج) ہیڈ ٹیچر کو اسلامیات (ناظرہ) قرآن پاک کی تعلیم کے لیے کسی بھی اسلامیات / عربی ٹیچر یا کسی بھی اور ٹیچر کو ذمہ داری دینے کا مکمل اختیار ہے یا پھر وہ رضاکارانہ طور پر کسی قاری کی خدمات حاصل کر سکتا ہے۔

(د) ہیڈ ٹیچر سپاروں کی خریداری کیلئے FTF کا استعمال کر سکتے ہیں تاہم FTF کے بجائے ترجیحی طور پر عطیات کا انتظام کریں۔

سیکرٹری سکول ایجوکیشن

کاپی برائے اطلاع و ضروری کاروائی:

1۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کے معاون خصوصی
2۔ چیئرمین / ارکان، پنجاب قرآن بورڈ
3۔ مینجنگ ڈائریکٹر، دانش سکولز اور سی۔او۔ای اتھارٹی، پنجاب
4۔ پروگرام ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف سٹاف ڈویلپمنٹ، لاہور
5۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر، پنجاب ایگزیمینیشن کمیشن، لاہور
6۔ چیئرمین، پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور
7۔ مینجنگ ڈائریکٹر، پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن، لاہور
8۔ جملہ ایڈیشنل سیکریٹریز، سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ
9۔ پی۔ایس سیکرٹری سکولز ایجوکیشن، گورنمنٹ آف دی پنجاب
10۔ جملہ ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ آفیسرز، پنجاب
11۔ آل ہیڈز آف ٹیچرز ایسوسی ایشن ان پنجاب
12۔ ہیڈز آف پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن، پنجاب

MKShah … 10/8/12

سیکشن آفیسر (اکیڈیمک-I)